ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (227)

24.04.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا بہاولپور کے شہریوں کیلئے احسن اقدام،ڈکیتی،راہزنی اور چوری میں ملوث ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد،پولیس لائنز میں پروقار تقریب میں برآمد شدہ موٹر سائیکلز اور نقدرقم اصل مالکان کے حوالے کی گئی۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،شہریوں کو لوٹنے والوں کی گرفتاریوں کے لئے بہاولپور پولیس دن رات کوشاں ہے، اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ نے پولیس لائنیز میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں اورڈی ایس پی سٹی سرکل محمد یونس کی سربراہی میں سٹی سرکل پولیس بہاولپور نے بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے ڈکیتی،راہزنی اور چوری میں ملوث ملزمان سے دوران تفتیش مقدمات کو ٹریس آوٹ کر کے لاکھوں روپے مالیت کی 39 موٹر سائیکلز،آٹو رکشہ اور نقدرقم مبلغ 03لاکھ 30 ہزار روپے برآمد کرلی۔جس میں تھانہ بغدادالجدید پولیس نے ڈکیتی اور چوری کے 10مقدمات میں 09عدد موٹرسائیکلیں اور 01عدد آٹو رکشہ برآمد کیا۔اسی طرح تھانہ سول لائنیز پولیس نے ڈکیتی اور چوری کے 25مقدمات میں 02 گینگز کو گرفتار کیا جن سے 18 عدد موٹرسائیکلیں اور نقدرقم 01لاکھ روپے برآمد کی۔گرفتار ملزمان میں امتیاز،محبوب، شوکت،جواد،ارشد،ندیم،شاہد اور شہزاد شامل ہیں۔جبکہ تھانہ کینٹ پولیس نے چوری کے 09مقدمات میں ملزم حمزہ الطاف کو گرفتار کیا جس سے 06عدد موٹرسائیکلیں اور نقدرقم 01لاکھ 40 ہزار روپے برآمد کی اور تھانہ کوتوالی پولیس نے چوری کے 10 مقدمات میں ملزمان اصغر اور اویس کو گرفتار کر کے ان سے 06عدد موٹرسائیکلیں اور نقدرقم 90ہزار روپے برآمد کی۔برآمد شدہ مال مسروقہ ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ نے پولیس افسران کے ہمراہ ڈسٹرکٹ پولیس لائنیز میں تقریب کے دوران اصل مالکان کے حوالے کیا۔اس موقع پر ڈی ایس پی سٹی سرکل محمد یونس،ایس ایچ اوز سٹی سرکل و دیگر افسران بھی موجود تھے۔اس موقع پر شہریوں نے اپنے چوری شدہ موٹر سائیکل اور نقدرقم ملنے پر ڈی پی او بہاولپور اور ایس پی انوسٹی گیشن کا شکریہ ادا کیا۔اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے اور اس کے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں۔جبکہ ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔سول سوسائٹی اور میڈیا نمائندگان کی جانب سے پولیس کی اس کاوش کو سراہا گیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات،ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ،ڈی ایس پی سٹی سرکل محمد یونس کے ہمراہ پولیس لائنیز میں پریس کانفرنس کے بعد گرفتار ملزمان سے ریکورشدہ موٹر سائیکلیں اور نقدرقم اصل مالکان کے حوالے کر رہے ہیں